# 4672-گائے فروخت کرنے کے بعد خود ہی اس کے پاس واپس آگئی

## سوال

ایک شخص نے کسی دوسرے شخص کو گائے فروخت کی اور وہ خریدار کو جانتا بھی نہیں، لیکن کچھ عرصہ بعد خریدار کے گھر سے گائے بھاگ کر فروخت کرنے والے کے گھر واپس آگئی ہے جبکہ وہ خریدار کو جانتا بھی نہیں اب اس نے گائے فروخت کرکے اس کی قیمت بھی استعمال کرلی ہے، سوال یہ ہے کہ اب اس پر کیا لازم آتا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

سوال میں جو کچھ گائے کے بارہ میں ذکر کیا گیا ہے اس کے لحاظ سے اسے لقطہ یعنی گمشدہ چیز میں شمار کیا جائے گا، جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے کہ اس نے گائے فروخت کرکے اس کی قیمت بھی استعمال کرلی ہے۔

تو اس طرح اب اس پر لازم ہے کہ وہ لوگوں کے اکٹھا ہونے والی جگہ پر ایک سال تک اعلان کرے اگر تو مالک آجائے تو اسے سب کچھ بتا کر اسے گائے کی وہ قیمت واپس کردی جائے جتنی قیمت میں اس نے فروخت کی ہے۔

اور اگر مالک نہ آئے تو اس کی قیمت صدقہ کردے لیکن نیت یہ رکھے کہ جب بھی اس کا مالک آئے تو اس کے مطالبہ اور صدقہ کی اجازت نہ دینے پر اسے واپس کرے گا۔

واللہ اعلم

.